## صدر مملکت آصف علی زرداری کا قائد تحریک جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ

## ملک اور سندھ کی موجود سیاسی صورتحال کے پیش نظر ڈاکٹر عشرت العباد کو گورنر سندھ کا عہدہ سنبھالنے کی ہدایت کردی

لندن:۔۔۔۔18 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے اظہار پر ڈاکٹر عشرت العباد کو گورنر سندھ کا عہدہ سنبھالنے کی ہدایت کردی ہے۔ جناب الطاف حسین اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ٹیلیفون پر گفتگو کے دوران ملک اور سندھ کی موجود سیاسی صورتحال کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عشرت العباد کو ہدایت کی ہے کہ وہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی ہدایت کی روشنی میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل جل کر ملک اور سندھ کے بہتر مفاد کیلئے کام کریں ۔گورنر سندھ صوبے میں استحکام کیلئے موثر کردار ادا کریں گے اور تعلقات بدلنے اور استوار کرنے میں فعال کردار ادا کریں گے۔

## سیاسی و مذہبی شخصیات، تاجروں، صنعتکاروں، دانشوروں اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کا استعفیٰ واپس لئے جانے کا زبردست خیر مقدم

## لندن میں ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پر عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کے ٹیلیفون آنے کا تانتا

## ایم کیوایم کی قیادت نے ڈاکٹر عشرت العباد کا استعفیٰ واپس لیکر تاجر برادری کا مطالبہ پورا کردیا ہے جس پر تاجر برادری ایم کیوایم کی شکر گزار ہے۔تاجر رہنما خالد تواب، احمد چنائے، شفیق الرحمٰن، زاہد علی رضوی

## قائد تحریک الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو واپس بھیج کر سندھ ہی پر نہیں بلکہ پاکستان پر احسان کیا ہے۔مفتی نعیم

## ایم کیوایم کی قیادت کا یہ فیصلہ ملک، صوبہ سندھ خصوصاً کراچی کے عظیم تر مفاد میں ہے۔لوگوں کے تاثرات

لندن۔۔۔18 جولائی 2011ء

مختلف سیاسی و مذہبی شخصیات، تاجروں، صنعتکاروں، دانشوروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کا استعفیٰ واپس لئے جانے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ پیر کی شام جیسے ہی ٹی وی چینلز پر گورنر سندھ کا استعفیٰ واپس لینے کی خبر نشر ہوئی ،لندن میں ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پر عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کے ٹیلیفون آنے کا تانتا بندھ گیا۔مبارکباد دینے والوں میں ایم کیوایم کے کارکنوں کے ساتھ ساتھ تاجر، صنعتکار، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، دانشور، کالم نگار، سینئر صحافی، شعراء، ادیب، وکلاء اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔تمام حضرات نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی واپسی کے فیصلے کا زبرست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی قیادت کا یہ فیصلہ ملک، صوبہ سندھ خصوصاً کراچی کے عظیم تر مفاد میں ہے۔فیڈریشن آف چیمبر آف کامرس کے نائب صدر خالد تواب اور سی پی ایل سی کے سربراہ اور آل پاکستان میمن فیڈریشن کے صدر احمد چنائے نے کہا کہ ڈاکٹر عشرت العباد کی گورنر سندھ کی حیثیت سے واپسی سے تاجر برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور پوری تاجر برادری اس فیصلے پر خوش ہے اور وہ سمجھتی ہے کہ ایم کیوایم کی قیادت کا یہ فیصلہ نہایت دانشمندانہ ہے جس پر وہ زبردست مبارکباد کی مستحق ہے اور ایم کیوایم کی قیادت نے ڈاکٹر عشرت العباد کا استعفیٰ واپس لیکر تاجر برادری کا مطالبہ پورا کردیا ہے جس پر تاجر برادری ایم کیوایم کی شکر گزار ہے۔ممتاز عالم دین اور جامعہ بنوریہ سائٹ کے مہتمم مفتی نعیم نے بھی فون کرکے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو اس فیصلے پر مبارکباد پیش کی ۔ مفتی نعیم نے اس فیصلے کو مستحسن قرار دیتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو واپس بھیج کر سندھ ہی پر نہیں بلکہ پاکستان پر احسان کیا ہے۔کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین شفیق الرحمٰن، فیڈریشن آف چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر زاہد علی رضوی، سابق صوبائی مشیر شرمیلا فاروقی اور دیگر متعدد شخصیات اور کراچی سمیت پاکستان کے چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے بھی ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے ایم کیوایم کی قیادت کو گورنر سندھ کی واپسی کے فیصلے پر مبارکباد پیش کی۔علاوہ ازیں بڑی تعداد میں لوگوں نے فیکس اور ای میل کے ذریعے بھی اس فیصلے پر مبارکباد پیش کی۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔18، جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری شدید عذاب میں مبتلا ہیں اوران کے روز مرہ کے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہیں اور جبکہ بجلی کی طویل بندش سے صنعتی وتجارتی سرگرمیاں کے ساتھ ساتھ پانی کی سپلائی بھی تعطل کا شکار ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پانے اورشب برات سمیت رمضان المبارک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے دعویٰ کیے جارہے ہیں جبکہ دوسری جانب بجلی کا شارٹ فال میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جو ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھانے کے باعث شہری میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اوروہ طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ اور شہریوں کو پانی کی سپلائی معطل ہونے سے شہری شدید ذہنی اذیت کا شکار ہوکر سراپا احتجاج ہیں۔اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## گھوٹکی میں بیمار شہزادی سموں المناک موت حکمرانوں کی کھلی بے حسی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

### شہزادسموں کی موت کے واقعہ نے نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں اور موجودہ حکمرانوں کے دعوؤں کی کھلی نفی کردی ہے

### ایسے المناک واقعات کی روک تھام کیلئے حکومتی سطح پر مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں

کراچی۔۔۔18، جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گھوٹکی میں بھائیوں کے ظلم کا نشانہ بننے والی بیمار 15 سالہ شہزادی سموں کے سسک سسک کر جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے اور معصوم شہزادی سموں کی المناک موت کو موجودہ حکمرانوں کی کھلی بے حسی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غربت سے تنگ بھائیوں نے شہزادی سموں کے علاج کے اخراجات برداشت نہ کرنے باعث اسے گزشتہ دنوں مار پیٹ کرگھر سے باہر نکال دیا تھا معصوم سموں جامعہ مسجد اوباڑو کے چوکیدار کی بینچ پر کئی دن بے یارو مددگار پڑی رہی اور آج انتقال کرگئی۔انہوں نے کہا کہ گھوٹکی میں پیش آنے والے معصوم شہزادی سموں کی موت کے واقعہ نے ہر دردمند دل رکھنے والے فرد کو افسردہ کردیا ہے اوراس کی موت کی المناک داستان نے نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں اور موجودہ حکمرانوں کے دعوؤں کی کھلی نفی کردی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہزادی سموں کی موت کے واقعہ سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ لوگ بھوک، افلاس اور بیروزگاری اور علاج ومعالجہ کی سہولیات سے محروم ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گھوٹکی میں بیمار شہزادی سموں کی المناک موت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور معاشرے سے ایسے المناک واقعات کی روک تھام کیلئے حکومتی سطح پر مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم لانڈھی اوراورنگی سیکٹرز کے کارکنان اورصوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن زاہد قریشی کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد کامران، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-121 کے کارکن محمد نظام الدین اورایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن زاہد قریشی کی والدہ محترمہ فریدہ فاضل کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء مرحومہ والدہ فریدہ فاضل بیگم کو سخی حسین میں سپرد خاک کردیا گیا مرحومہ کی نماز جنازہ الہدیٰ مسجد نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی ریحان ظفر، عبدالمبید، ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی ک ارکان، ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان ہمدردوں اورمرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## کشمیری عوام 20 جولائی کو پتنگ کے نشان پر مہر ثبت کر کے مسئلہ کشمیر کے مستقل حل کی راہ ہموار کردیں، سلیم بٹ

## انتخابی مہم کے سلسلے میں کراچی میں مقیم کشمیری عمائدین سے ملاقات میں گفتگو

کراچی۔۔۔18، جولائی 2011ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حلقہ ایل اے 30 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سلیم بٹ نے کہا ہے کہ کشمیری عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد و منظم ہیں اور 20 جولائی کے دن حق پرستوں کی شاندار فتح کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ ایل اے 30 اور ایل اے 36 کی نشستوں کیلئے جاری انتخابی مہم کے سلسلے میں کراچی کے مختلف علاقوں میں مقیم کشمیری عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کشمیری عمائدین نے حق پرست امیدواروں کی کامیابی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین بھی دلایا۔سلیم بٹ نے کہا کہ کشمیر کا مسئلہ برسوں سے التواء کا شکار ہے اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ اس کے حل کیلئے مخلصانہ کوششیں نہیں کی گئیں جس کے باعث کشمیری عوام آزادی جیسی نعمت سے اور اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو کہتے ہیں وہ کرکے دکھاتے ہیں اور انہوں نے کہہ دیا ہے کہ مسئلہ کشمیر ایم کیوایم کے دور میں ہی حل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل اور حق خود ارادیت کیلئے کشمیری عوام کو اب ایم کیوایم کا ساتھ دینا ہوگا کیونکہ ایم کیوایم زبانی دعوے اور وعدوں پر ہرگز یقین نہیں رکھتی بلکہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے عملی جدوجہد کرکے اس کا مستقل حل ضرور نکال لے گی۔ سلیم بٹ نے کشمیری عمائدین اور عوام سے اپیل کی کہ وہ 20 جولائی کو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کرکے مسئلہ کشمیر کے حل کی راہ ہموار کردیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 37 کے کارکن محمد یونس، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد کامران، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-121 کے کارکن محمد نظام الدین، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن زاہد قریشی کی والدہ محترمہ فریدہ فاضل، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن زوہیب خان کے والد زاہد خان، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن پرویز معظم کے والد محمد طاہر حسین، ٹنڈوالہ یار زون یونٹ شاہنواز گوٹھ کے کارکن ذوالفقار احمد راجپوت کے والد عبدالستار، محمود آباد سیکٹر یوسی 1 کے انچارج حاجی محمود علی شیخ کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے ہمدرد آصف دہلوی کے کزن فہیم الدین، اورنگی سیکٹر یونٹ B-118 کے ہمدرد حافظ اعجاز احمد، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن محمد وسیم کے والد ممتاز علی قریشی، لانڈھی سیکٹر یونٹ A-1 کے کارکن انور شہباز کے والد گل یوسف اور ایم کیوایم میرپور خاص زون کے جوائنٹ انچارج شمیم عقیل کی بھابھی شمیم عقیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ سوشل فورم کے اراکین کی متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ کی والدہ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جاکر لواحقین سے ملاقات قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی

کراچی...18 جولائی 2011ء

متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارجز غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی، ارکان یوسف منیر شیخ، نذیر عباسی، سردار خان، غلام رسول سموں لکھی جمالی اور معصوم قری نے متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ کی والدہ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ واقع نواب شاہ میں جاکر ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی۔وہ کچھ دیر انکے ہمراہ رہے بعدازاں انہوں نے مرحومہ کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹرز نے شب برات کے موقع پر قبرستانوں میں زائرین کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے استقبالیہ کیمپ لگائے گئے کیمپوں کا زونل انچارج محمد شریف، اراکین زونل کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی نے دورہ کیا

حیدرآباد۔۔۔18 جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے مختلف سیکٹرز کے زیر اہتمام شب برات کے موقع پر قبرستانوں میں زائرین کی گذرگاہوں اور دیگر مقامات پر انکی خدمت کیلئے استقبالیہ کیمپ لگائے گئے استقبالیہ کیمپوں کے سلسلے میں سیکٹر اے نے نانا بابا قبرستان، معصوم شاہ قبرستان سرفراز کالونی، سیکٹر بی نے ستار شاہ قبرستان لیاقت کالونی، سیکٹر سی نے پھلیلی تانگہ اسٹینڈ، سیکٹر ای نے کمہار پاڑہ اسلام آباد، سیکٹر ایف نے گجراتی پاڑہ ٹنڈو یوسف اور گدی قبرستان حالی روڈ، سیکٹر جی نے لطیف آباد نمبر ۱۰ کے قبرستان، سیکٹر ایچ نے اکبر قبرستان لطیف آباد نمبر ۸ اور سیکٹر آئی نے امانی شاہ کالونی لطیف آباد نمبر ۱۱ کے قبرستان میں کیمپس لگائے گئے کیمپوں سے زائرین کو دودھ، شربت، چائے، کھیر اور لنگر تقسیم کیا گیا کیمپوں کا زونل انچارج محمد شریف، اراکین زونل کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی و دیگر نے دورہ کیا۔

## ایم کیوایم نے عوام کی خدمت کو کبھی بھی اقتدار سے مشروط نہیں کیا بلکہ اقتدار کے بغیر بھی ایم کیوایم نے عوام کی خدمت کا کام جاری رکھا ہے صلاح الدین

حیدرآباد۔۔۔18 جولائی 2011ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس نے ڈرائنگ روم کی سیاست کرنے کے بجائے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے اپنے فنڈ سے شام داس روڈ پر تعمیر ہونے والے نذیر حسین کمیونٹی سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں ٹی ایم اے سٹی حیدرآباد کے ایڈمنسٹریٹر غلام مصطفی قائم خانی سیکٹر بی کے ذمہ داران و کارکنان، علاقے کے معززین اور حق پرست عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے غریب و مصائب زدہ عوام کے مسائل کو حل کرنے انکو بنیادی حقوق فراہم کرنے، انکی زندگیوں میں آسائش فراہم کرنے کے دعوے اور وعدے تو کم و بیش سبھی سیاسی و مذہبی جماعتوں نے کئے مگر انکی عملی خدمت صرف قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم نے کی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے عوام کی خدمت کو کبھی بھی اقتدار سے مشروط نہیں کیا بلکہ اقتدار کے بغیر بھی ایم کیوایم نے عوام کی خدمت کا کام جاری رکھا ہے اور قائد تحریک الطاف حسین اسی عمل کو دیکھ کر آج ملک بھر کے غریب و پسے ہوئے عوام انہیں اپنا نجات دہندہ سمجھ رہے ہیں اور اس حقیقت میں قطعی کوئی شک نہیں کہ جب، ملک بھر کے عوام ایوانوں میں قائد تحریک الطاف حسین کے نامزد کردہ نمائندوں کو بھیجیں گے اس دن سے پورے ملک میں ترقی و خوشحالی کے اس دور کا آغاز ہوگا جو آج سندھ کے شہری علاقوں میں نظر آرہی ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی خصوصی ہدایات پر شب برات کے موقع پر ملک بھر کی طرح سکھر کے نواں گوٹھ، قبرستان، بابن شاہ قبرستان اور سائیں صدرالدین شاہ بادشاہ کے عرس کے موقع پر مزار پر آنے والے زائرین کے لئے سکھر زون کی جانب سے استقبالیہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا

سکھر:۔۔۔18 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی خصوصی ہدایات پر شب برات کے موقع پر ملک بھر کی طرح سکھر کے نواں گوٹھ، قبرستان، بابن شاہ قبرستان اور سائیں صدر الدین شاہ بادشاہ کے عرس کے موقع پر مزار پر آنے والے زائرین کے لئے سکھر زون کی جانب سے استقبالیہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں مزار پر تشریف لانے والے زائرین کیلئے ٹھنڈے پانی اور دودھ کا شربت پلانے کیلئے خصوصی طور پر انتظام کیا گیا تھا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مرید بروہی سکھر زون جوائنٹ انچارج سید ابو الکلام شاہ، جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام، زونل ممبر، آفتاب الدین خان، نصرت عزیز، مجیب کمبوہ، نعیم قریشی نے کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے مزار پر آنیوالے زائرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے تمام مذاہب کے احترام کا درس دیا ہے اور شب برات میں قبرستان میں آنے والے زائرین کی خدمت مقدس شب کا تقاضہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات ملک میں رہنے والی تمام مذہبی اکائیوں کے احساسات کا احترام کرنے کا درس دیتا ہے، انہوں نے کہا کہ شب برات کی رات تمام مسلمانوں کے لئے کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے شب برات کے احترام کا ایک تقاضہ یہ ہے کہ ذاتی عبادات کے ساتھ ساتھ عوام کو عبادات میں ہر ممکن سہولیت فراہم کرنے کے لئے کوشش کریں بعدازیں انہوں نے شہداء حق پرستوں کی قبروں پر جا کر ان کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کے لئے دعا بھی کی۔

## متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ کی والدہ کے انتقال پر سکھر زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

سکھر:۔۔۔18 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی نے متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں سکھر زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے رکن سید رمضان شاہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر ٹنڈوالہ یار زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

ٹنڈوالہ یار:18 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ٹنڈوالہ یار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ وارا کین زونل کمیٹی نے ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے رکن سید رمضان شاہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انچارج وارا کین زونل کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔( آمین ) دریں اثناء ٹنڈوالہ یار زون کے ارا کین آفتاب عالم خانزادہ،مرزاارشد بیگ نے مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت کی۔اس موقع ٹنڈوالہ یار زون کے ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان،سابق حق پرست ناظمین وکونسلرز اور عمائدین شہر نے بڑی تعداد میں موجود تھے۔

## متحدہ کے کارکنان کی یہ پہنچان ہے کہ وہ احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیتے ہیں،سلیم معظم

## سیکٹر گولارچی اور یونٹ کڑیوگھنور میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

بدین۔۔۔18 جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن سلیم معظم نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی فکر کے مطابق احساس ذمہ داری کے بغیر وفاداری بے معنی ہیں،متحدہ کے کارکنان کی یہ پہنچان ہے کہ وہ احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکٹر گولارچی اور یونٹ کڑیوگھنور میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انچارج ورا کین زونل کمیٹی بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ کوئی تحریک نظم وضبط کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتی،متحدہ کے کارکان اجتماعی سوچ اورانسانی اخلاقی اداب سکھائے جاتے ہیں،کارکنوں کو چاہیے کہ قائد تحریک کے بنائے ہوئے اصولوں پرعمل پیرا ہوکر اندر رتبدیلی لائیں۔

## متحدہ سوشل فورم پاکستان کے انچارج لونگ خانہ چنہ کی والدہ کے انتقال پر بدین زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

بدین زون۔۔۔18 جولائی 2011ء

متحدہ بدین زون کے زونل انچارج عقیل الدین وارا کین زونل کمیٹی نے متحدہ سوشل فورم پاکستان کے انچارج لونگ خانہ چنہ کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔اوردعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

## آزاد کشمیر غریب اور مظلوم حق پرست کشمیریوں کا قلعہ ثابت ہوگا محمد یوسف

## میر پور خاص میں کشمیری وفود سے ملاقات

میر پورخاص۔۔۔18 جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد یوسف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر غریب اور مظلوم حق پرست کشمیریوں کا قلعہ ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میر پورخاص میں کشمیر الیکشن کے حوالے سے مختلف کشمیری وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر میر پورخاص زون کے انچارج وارا کین انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مسئلہ کشمیر کو کشمیریوں کے امنگوں کے مطابق کرنے پر زور دیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ آج کشمیر کے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ نوجوان موروثی اور کرپٹ سیاست سے بے زار ہوکر جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں جو کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فلسفہ حق پرستی کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے۔

## میرپورخاص زون کے جوائنٹ انچارج عارف کی بھابی کے انتقال پر

## میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش واراکین زونل کمیٹی حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی کا اظہار تعزیت

میرپورخاص۔۔۔18 جولائی 2011ء

ایم کیوایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش واراکین زونل کمیٹی اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے میرپورخاص زون کے جوائنٹ انچارج عارف کی بھابی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اراکین، میرپورخاص زون کے اراکین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆